38073-کیا خون نکلنے سے روزہ باطل ہوجاتا ہے ؟

سوال

روزے دار کا خون نکالنے کا حکم کیا ہے چاہے کم ہو یا زیادہ کیا اس سے ورزہ ٹوٹتا ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو نکالا گیا خون عرفا قلیل ہو تو اس سے روزہ کو کچھ نقصان نہیں ہوتا اور وہ صحیح ہے اس پر قضاء واجب نہیں ، لیکن اگر عرفی طور پر خون کی مقدار زیادہ ہو پھر اسے اس دن کی قضاء ادا کرنا ہوگی تا کہ اختلاف سے بچا جاسکے ، اور احتیاط پر عمل کرتے ہوئے بری الذمہ ہوا جاسکے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔